سیاحتی ہوابازی کا فروغ

انمول قدرتی مناظر کے حامل سیاحتی ملکوں میں ہوابازی کی اہمیت سے کم ازکم آج کے دور میں انکار ممکن نہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پہلی مرتبہ ائیر کرافٹ اونرز اینڈ آپریٹرز ایسوسی ایشن (اے او او اے) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کا مقصد ملک میں سیاحتی ہوابازی کی صنعت میں بہتری اور اصلاحات لانا ہے۔ ایسوسی ایشن ہوابازی کے شعبے کی ترقی اور اس سے وابستہ صنعت کے ذریعے سیاحت کو فروغ دینے کیلئے متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔ سیاحتی ملکوں میں 1932ء سے ہوابازی کے شعبے میں ایسی تنظیمیں کام کر رہی ہیں جو متعلقہ ریگولیٹری اداروں سے وابستہ ہیں۔ اے او او اے کے مطابق ملک میں جنرل ہوابازی کیلئے پائلٹس اور ایسوسی ایٹ ممبرشپ بھی جلد شروع کی جا رہی ہے۔ مزید برآں انہیں ائیر لائنز ایسوسی ایشن میں شامل ہونے کی پیشکش کی جائے گی۔ یہ ایک اچھی پیشرفت ہے۔ وزیر اعظم عمران خان پہلے ہی سیاحتی شعبے کو ملک کے دوسرے شعبوں کے ہم پلہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس شعبے میں پاکستان کا بنیادی ڈھانچہ کسی بھی ملک سے کم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ دوسروں کے مقابلے میں یہ کہیں زیادہ متنوع ہے تاہم مواصلات، رسل و رسائل، ہوابازی، قیام و طعام اور سیاحوں کی عالمی سطح پر رہنمائی و تشہیر کے حوالے سے بہت پیچھے ہے۔ اگر وفاقی و صوبائی حکومتیں اپنی اپنی سطح پر مناسب اقدامات کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ اس سے سیاحتی شعبے میں نہ صرف ملک کا تشخص مزید ابھرے گا بلکہ اس کے توسط سے معیشت کے ہر شعبے میں مقامی صنعت کو فروغ حاصل ہوگا، ملازمت کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں گے بالخصوص محاصل کے حصول میں حکومت کیلئے انتہائی فعال ثابت ہوگا۔